26813 ـ دن كے وقت رمضان كے چاند كا علم ہوا توروزہ ركھ ليا

سوال

ہمارے بعض مسلمان بھائيوں كورمضان كے چاندنكلنے كا علم نہ ہوسكا ليكن طلوع شمس كے بعد انہيں پتہ چلا كہ چاند تو نظر آچكا ہے لھذا انہوں نے اپنا روزہ پورا كيا ، توكيا يہ روزہ كافى ہوگا يا كہ انہيں بعد ميں پھر ركھنا ہوگا ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

اس دن كچھ نہ كھا پى كر اچھا كيا ليكن انہيں اس دن كے بدلے ميں روزہ ركھنا ہوگا ـ

ديكھيں فتاوى اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء (10 / 245) ـ

اس دن كے روزے كى قضاء كا سبب يہ ہے كہ انہوں نے رات كو روزے كى نيت نہيں تھى اس ليے روزہ ركھنا ہوگا كيونكہ نبى مكرم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے :

(جو كوئى بھى فجر سے قبل روزے كى نيت نہيں كرتا اس كا روزہ نہيں)

مسند احمد (6 / 287) سنن ابوداود حديث نمبر (2454) سنن ترمذى حديث نمبر (730) سنن نسائي حديث نمبر (2331) علامہ البانى رحمہ اللہ تعالى نے صحيح ابوداود (2143) ميں اس حديث كو صحيح قرار ديا ہے ـ

واللہ اعلم .